
ہدایت نامہ برائے مریضاں

# بڑی آنت اور مقعد کا سرطان (کینسر)



شوکت خانم
میموریل کینسر ہسپتال
اینڈ ریسرچ سینٹر

پتہ چل سکے کہ یہ سرطان زدہ تو نہیں۔ اکثر پولپ سرطان زدہ نہیں ہوتے مگر انہیں نکالنے سے ان کے سرطان میں بدلنے کا خطرہ کم ہو جاتا ہے۔ اگر کوئی پولپ یا زخم سرطان زدہ لگے تو اس میں سے کچھ چھوٹے ٹکڑے بائیوپسی (Biopsy) کے طور پر لئے جاتے ہیں تا کہ خوردبینی معائنے سے پیتھالوجسٹ یہ بتا سکے کہ یہ سرطان ہے یا نہیں۔ اس کے علاوہ ممکن ہے کہ آپ کو کچھ خون کے ٹیسٹ، ایکس ریز یا اندرونی الٹرا ساؤنڈ بھی کروانا پڑے۔

## اس سرطان کا کیا علاج ہے؟

بڑی آنت کے سرطان کے علاج کے کئی طریقے ہیں۔

عام طور پر اس سرطان کیلئے آپریشن کیا جاتا ہے تا کہ سرطان، اس کے آس پاس کی کچھ صحت مند آنت اور اردگرد کے غدود نکالے جا سکیں۔ اس کے بعد آنت کے بقیہ حصوں کو آپس میں جوڑ دیا جاتا ہے۔

مقعد کے نچلے حصے میں سرطان کی صورت میں سرجن کو پورا مقعد نکالنا پڑتا ہے۔ اس کے بعد سرجن پیٹ پر ایک رستہ بنا کر باقی آنت کو اس سے جوڑ دیتے ہیں تا کہ وہاں سے فضلہ خارج ہوتا رہے۔ اکثر لوگ اس طرح کے آپریشن کے بعد اپنی نارمل زندگی اور کام کاج کی طرف واپس آ سکتے ہیں مگر انہیں خاص طور پر تربیت یافتہ نرسوں کی مدد کی ضرورت پڑتی ہے۔

کیموتھراپی یعنی سرطان کے خلاف ادویات کے استعمال سے بھی اس سرطان کا علاج کیا جاتا ہے۔

کچھ لوگوں میں ریڈی ایشن تھراپی یعنی زیادہ توانائی والے ایکسریز (شعاعوں) سے بھی علاج کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

## بڑی آنت کے سرطان سے بچنے کیلئے میں کیا کر سکتا ہوں؟

اپنے ڈاکٹر سے سالانہ معائنہ ضرور کروایئے۔

پچاس سال کی عمر کو پہنچنے پر کولونوسکوپی کروایئے۔ اگر آپ کے خاندان میں بڑی آنت کا سرطان ہے تو آپ کو کولونوسکوپی جلد بھی کروانی پڑ سکتی ہے۔

صحت مند اور متوازن غذا کھایئے۔ چکنائی اور تعامل شدہ / محفوظ شدہ خوراک کا استعمال کم جبکہ تازہ پھل، سبزیاں اور ریشے / بھوسی والی خوراک کا استعمال زیادہ کریں۔

با قاعدہ ورزش کیجئے اور اپنا وزن صحت مند سطح سے بڑھنے نہ دیں۔

یاد رکھیئے! اگر کسی بھی وجہ سے آپ کو بڑی آنت کے سرطان کا خطرہ زیادہ ہے تو اپنے ڈاکٹر سے ضرور مشورہ کیجئے۔

## MISSION STATEMENT

To act as a model institution to alleviate the suffering of patients with cancer through the application of modern methods of curative and palliative therapy irrespective of their ability to pay, the education of health care professionals and the public and perform research into the causes and treatment of cancer.

Shaukat Khanum Memorial Cancer Hospital and Research Centre
Lahore: 7-A Block R-3, Johar Town, Lahore, Pakistan
Tel: +92 42 359 5000 | UAN: 042 111 155 555
Peshawar: 5-B, Sector A-2, Phase V, Hayatabad, Peshawar, Pakistan
Tel: +92 91 588 5000 | UAN: 091 111 155 555
www.shaukatkhanum.org.pk

## بڑی آنت کا سرطان کیا ہے؟

بڑی آنت ہمارے جسم کا وہ حصہ ہے جہاں فضلہ جمع ہوتا ہے۔ بڑی آنت کے سب سے نچلے حصے کو مقعد کہتے ہیں۔ مقعد سے فضلہ پاخانے کے راستے خارج ہوتا ہے۔ بڑی آنت اور مقعد نظام انہضام کا حصہ ہیں۔ جب ہضم شدہ خوراک کا بقیہ حصہ چھوٹی آنت سے بڑی آنت میں داخل ہوتا ہے تو بڑی آنت اس میں سے پانی اور غذائی اجزاء جذب کر لیتی ہے اور باقی حصہ فضلے کے طور پر رہ جاتا ہے۔ یہ فضلہ بڑی آنت سے مقعد میں جاتا ہے اور وہاں سے پاخانے کے راستے خارج ہو جاتا ہے۔

بڑی آنت کی رسولیاں (ٹیومر) عام طور پر آنت کی دیوار کی اندرونی جھلی سے پیدا ہوتی ہیں۔ عام رسولیاں پولپ (Polyp) کہلاتی ہیں۔ پولپ عام طور پر خطرناک نہیں ہوتے لیکن اگر یہ بڑھتے رہیں تو ان سے خون رسنے لگتا ہے یا آنت میں رکاوٹ پیدا ہو سکتی ہے۔ مگر کچھ رسولیاں کینسر یا سرطان کی ہوتی ہیں۔ یہ پولپ سے اس لئے مختلف ہوتی ہیں کہ یہ بڑھ کر آنت اور اس کے ارد گرد کے اعضاء کو نقصان پہنچا سکتی ہیں اور بعض دفعہ خون کے ذریعے جسم کے دوسرے حصوں میں بھی پھیل سکتی ہیں۔

## بڑی آنت کے سرطان کی کیا علامات ہیں؟

بڑی آنت اور مقعد کے سرطان کی عمومی علامات ہیں مستقل تھکن، کمزوری، سانس کا چڑھنا، متلی، الٹی آنا، دست یا قبض کا مسئلہ رہنا، ایسا احساس کہ رفع حاجت کے بعد بھی مقعد میں کچھ موجود ہو، پاخانے میں سیاہ یا سرخ خون آنا، بلا وجہ وزن کم ہونا، پیٹ میں درد، گیس، تبخیر، اپھارہ وغیرہ۔

ان میں سے اکثر علامات عام طور پر کینسر کی بجائے اور بیماریوں سے بھی ہوتی ہیں لیکن اگر آپ کو ان میں سے کسی علامت کا سامنا ہے تو اپنے ڈاکٹر سے ضرور مشورہ کیجئے تا کہ صحیح اور بروقت تشخیص اور علاج ہو سکے۔

## بڑی آنت کے سرطان کا خطرہ کن صورتوں میں زیادہ ہوتا ہے؟

تحقیق اور مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ مندرجہ ذیل عناصر کے باعث بڑی آنت کے سرطان کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔

1۔ عمر:

بڑی آنت کا سرطان عام طور پر 50 سال کی عمر کے بعد ہوتا ہے۔

2۔ بڑی آنت یا مقعد کے پولپ (Polyp):


بڑی آنت یا مقعد میں پولپ کی موجودگی سرطان کے امکان کو زیادہ کرتی ہے۔

3۔ خاندان میں سرطان:

اگر آپ کے خاندان میں کسی کو یہ سرطان ہوا ہے تو خاندان کے دوسرے افراد میں سرطان ہونے کا امکان عام لوگوں کی نسبت زیادہ ہوتا ہے۔

4۔ جینیاتی تبدیلیاں:

کچھ موروثی بیماریاں جینیاتی تبدیلیوں سے پیدا ہوتی ہیں۔ ان میں سے کچھ مثلاً HNPCC اور APC جینز میں خرابیاں بڑی آنت کے سرطان کا سبب بن سکتی ہیں۔




5۔ اگر آپ کو ایک دفعہ بڑی آنت کا سرطان ہو چکا ہے تو دوبارہ بھی یہ سرطان پیدا ہو سکتا ہے۔ جن خواتین کو بیضہ دانی (Ovary)، رحم (Uterus) یا چھاتی کا کینسر ہوا ہو ان میں بھی بڑی آنت کے کینسر کا امکان زیادہ ہوتا ہے۔

6۔ بڑی آنت کی سوزش (Inflammatory Bowel Disease):

اگر آپ کو بڑی آنت کی سوزش رہتی ہے مثلاً Crohn's Disease یا Ulcerative Colitis ہے تو آپ کو بڑی آنت کا سرطان ہونے کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے۔

7۔ خوراک:

تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ زیادہ چکنائی، کم کیلشیئم، کم فولک ایسڈ، کم ریشے / بھوسی والی خوراک سے بڑی آنت کے سرطان کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے۔

8۔ تمباکو نوشی:

اگر آپ تمباکو نوشی کرتے ہیں تو آپ کو بڑی آنت کا سرطان ہونے کا خطرہ زیادہ ہے۔

اگر آپ کا خیال ہے کہ آپ کو بڑی آنت کے سرطان کا خطرہ ہے تو آپ کو اپنے ڈاکٹر سے اس بارے میں مشورہ کرنا چاہئے۔ آپ کا ڈاکٹر آپ کو احتیاطی تدابیر اور ضروری ٹیسٹ یا چیک اپ کے بارے میں بتا سکے گا۔

## بڑی آنت کے سرطان کی تشخیص کیلئے کیا ٹیسٹ کئے جائیں گے؟

اگر آپ کے ڈاکٹر کو شبہ ہو کہ آپ کی علامات بڑی آنت کے سرطان کی وجہ سے ہیں تو شاید آپ کو بڑی آنت کا اندرونی معائنہ (کولونوسکوپی) کروانا پڑے۔ اس ٹیسٹ میں ایک پتلی، لچکدار ٹیوب پاخانے کے راستے سے مقعد اور بڑی آنت میں داخل کی جاتی ہے۔ ٹیوب میں موجود کیمرے سے بڑی آنت کا معائنہ کیا جاتا ہے۔ اگر کوئی پولپ نظر آئے تو کولونوسکوپی کے ذریعے اسے نکالا جا سکتا ہے تا کہ اس کے خوردبینی معائنے سے